24-06-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

------------------------------

☆ 18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس شروع ہوگیا ہے۔نئے منتخب ارکان کو حلف دلایا جا رہا ہے۔ ایوان کے لیڈر وزیر اعظم نریندر مودی نے سب سے پہلے حلف لیا۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار ملک کی خدمت کرنے اور عوام کی امنگیں پوری کرنے کیلئے ہمیشہ ہر ایک کو ساتھ لے کر اتفاقِ رائے قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

☆ مہاراشٹر میں ناندیڑ کے دہشت گردی مخالف دستے نے NEET-UG پیپر لیک کیس کے سلسلے میں دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ روس میں دو دہشت گردانہ حملوں میں 15 پولیس افسر مارے گئے ہیں۔

☆ اور...... ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام سُپر-8 مرحلے کے اپنے آخری میچ میں بھارت آسٹریلیا کا سامنا کرے گا۔ جنوبی افریقہ، ویسٹ انڈیز کو ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

## LS Oath

18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ نئے منتخب ارکانِ پارلیمنٹ کو حلف دلایا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو، جو لوک سبھا کے لیڈر بھی ہیں، ایوان کے ممبر کی حیثیت سے سب سے پہلے حلف دلایا گیا۔ عبوری اسپیکر Bhartruhari Mahtab نے جناب مودی کو حلف دلایا۔ اس کے بعد چیئر پرسن صاحبان کے پینل نے حلف لیا، جو اسپیکر کا انتخاب ہونے تک لوک سبھا کی کارروائی چلانے میں جناب ماہتاب کی معاونت کریں گے۔

BJP کے ارکانِ پارلیمنٹ رادھا موہن سنگھ اور فگن سنگھ کُلستے نے چیئرپرسن پینل کے ارکان کی حیثیت سے حلف لیا۔ البتہ کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ K-Suresh، ڈی ایم کے پارٹی کے TR بالو اور ترنمول کانگریس کے سُدیپ بندیو پادھیائے نے پینل کے ارکان کے طور پر حلف نہیں لیا۔

بعد میں مرکزی وزیروں امت شاہ، راج ناتھ سنگھ، شیوراج سنگھ چوہان، نتن گڈکری، منوہر لال، پیوش گوئل، جیتن رام مانجھی، راجیو رنجن عرف للن سنگھ، ڈاکٹر ویریندر کمار، کرن رجیجو، چراغ پاسوان اور دیگر ارکان نے لوک سبھا کے رکن کی حیثیت سے حلف لیا۔

مرکزی وزیروں ایچ ڈی کمارا سوامی اور پرہلاد جوشی نے کنڑ زبان میں حلف لیا جبکہ دھرمیندر پردھان اور Jual Oram نے اڑیہ زبان میں حلف لیا۔ مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آسامی اور رام موہن نائیڈو نے تیلگو زبان میں حلف لیا۔ نئے منتخب ارکان کی حلف برداری کا سلسلہ جاری ہے۔

اِس سے پہلے آج صبح راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عبوری اسپیکر Bhartruhari Mahtab کو حلف دلایا۔

پارلیمنٹ کے اِس اجلاس کے دوران بدھ کے روز نئے اسپیکر کا انتخاب کیا جائے گا۔ جمعرات کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ راجیہ سبھا کا اجلاس جمعرات کو شروع ہوگا۔

پارلیمنٹ کا اجلاس اگلے مہینے کی 3 تاریخ کوختم ہوجائے گا۔ x

**PM Parl Session**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اٹھارہویں لوک سبھا کا اجلاس وکست بھارت کی تعمیر کے عزم کے ساتھ شروع ہو رہا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اُن کی سرکار، ہر ایک کو ساتھ لے کر ملک کی خدمت کرنے اور عوام کی امنگیں پوری کرنے کیلئے لگاتار کوشش کرے گی۔

اجلاس سے قبل پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ سرکار چلانے کیلئے اکثریت کی ضرورت ہوتی ہےلیکن ملک کا نظام چلانے کیلئے اتفاقِ رائے اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی سرکار، ہر ایک کو ساتھ لے کر اور آئین کا تقدس برقرار رکھتے ہوئے آگے بڑھ کر تیزی کے ساتھ فیصلے کرنا چاہتی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے عوام اپوزیشن سے اچھے اقدامات کی امید کرتے ہیں۔

انھوں نے یہ امید ظاہر کی کہ اپوزیشن اُن کی امیدوں پر کھرا اترتے ہوئے جمہوریت کے وقار کو برقرار رکھے گی۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ملک کے عوام کارروائی میں خلل نہیں چاہتے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کو ایک ذمہ دار اپوزیشن کی ضرورت ہے۔ جناب مودی نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ نئی لوک سبھا کے ارکان عام آدمی کی اِن امیدوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔ x

**Opposition MPs Parl**

اپوزیشن کے ''آئی این ڈی آئی اے'' کے ارکان پارلیمنٹ، آئین کی نقول کے ساتھ پارلیمنٹ پہنچے۔ کانگریس، ترنمول کانگریس، DMK، بائیں بازو کی پارٹیوں اور دیگر پارٹیوں کے ارکانِ پارلیمنٹ، آئین کی نقول لے کر پارلیمنٹ ہاؤس میں آئے۔

کانگریس لیڈر سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور ملکارجن کھڑگے، DMK پارٹی کے ٹی آر بالو اور ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی سمیت اِن ارکانِ پارلیمنٹ نے نعرے بھی لگائے۔ پارلیمنٹ اجلاس کے آج پہلے دن سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی زیر قیادت پارٹی کے ارکانِ پارلیمنٹ کو بھی آئین کی نقول کے ساتھ دیکھا گیا۔ x

**NEET Arrest Maha**

مہاراشٹر میں ناندیڑ کے دہشت گردی مخالف دستے ATS نے NEET پیپر لیک کیس میں ملوث ہونے کے شبہے میں سنجے Tukaram جادھو اور جلیل عمر خان پٹھان کو حراست میں لیا ہے۔ یہ دونوں ہی ضلع پریشد اسکولوں میں ٹیچر ہیں اور لاتُور میں پرائیویٹ کوچنگ ادارے چلاتے ہیں۔

اِس کے علاوہ لاتُور کے شیواجی نگر تھانے میں 4 افراد کے خلاف ایک کیس بھی درج کیا گیا ہے۔ اِن میں دھارا شیو ضلعے کا Iranna Mashnaji Kongalwar اور دلّی کا گنگا دھر شامل ہے۔ لاتور کے سب ڈویژنل پولیس افسر کی سربراہی میں ایک خصوصی جانچ ٹیم SIT تشکیل دی گئی ہے، جو اِس پورے معاملے کی چھان بین کرے گی۔ x

**Russia**

کل روس کے شمالی Caucasus کے شہروں Derbent اور Makhachkala میں ہوئے دو حملوں میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے جن میں 15 پولیس اہلکار، ایک پادری اور ایک سکیورٹی گارڈ شامل ہیں۔ 6 حملہ آوروں کو ہلاک کردیا گیا اور پولیس باقی کی تلاش کررہی ہے۔ صوبے کے گورنر Sergei Melikov نے کہا ہے کہ اِس علاقے میں یہ تازہ حملہ ہے جہاں کئی نسلوں کے لوگ رہتے ہیں۔ روس کی قومی انسداد دہشت گردی کمیٹی نے مسلم اکثریت والے اِس خطے میں جہاں مسلح سورش پسندی کی تاریخ رہی ہے، اِن حملوں کو دہشت گردانہ حملہ قرار دیا ہے۔ x

**Jaishankar Passport**

بارہویں پاسپورٹ سیوا دِوس کے موقع پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ملک اور بیرون ملک سبھی

پاسپورٹ حکام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنے پیغام میں ڈاکٹر جے شنکر نے شہریوں پر مرکوز خارجہ پالیسی کے بھارت کے مشن کو آگے بڑھانے میں اُن کی کوششوں کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے پاسپورٹ مہیا کرانے کے پروگرام میں قابل قدر پیش رفت کو وسیع پیمانے پر تسلیم کئے جانے کو بھی سراہا ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ وزارت خارجہ نے سال 2023 میں شہریوں کو پاسپورٹ سے وابستہ تقریباً ایک کروڑ 65 لاکھ خدمات بہم پہنچائیں۔ انھوں نے گزشتہ سال پاسپورٹ اور دیگر متعلقہ خدمات میں تقریباً 15 فیصد سالانہ کی شرح ترقی کی بھی ستائش کی۔

وزیر خارجہ نے بتایا کہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کی خاطر وزارت نے اب تک 440 پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر شروع کیے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ 25 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں پاسپورٹ پولیس ایپ شروع کی گئی ہے، جس کے دائرے میں تقریباً 9 ہزار تھانے آئیں گے۔ اس کے علاوہ پاسپورٹ سیوا نظام کو ڈیجی لاکر نظام کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے تاکہ کاغذ کے استعمال کے بغیر یہ عمل مکمل ہوسکے۔ x

## Amarnath Yatra

جموں و کشمیر میں، کشمیر کے صحت خدمات سے متعلق ڈائریکٹر (DHSK) ڈاکٹر مشتاق احمد راتھر نے اِس مہینے کی 29 تاریخ سے شروع ہونے والی شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں چندن واڑی بنیادی کیمپ اسپتال سے شیش ناگ بنیادی کیمپ اسپتال تک ایک تفصیلی دورہ کیا۔ اپنے دورے کے تحت انہوں نے پہلگام میں واقع صحت کی دیکھ بھال سے متعلق سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے کئی مقامات پر سہولیات کا معائنہ کیا۔

ڈاکٹر مشتاق نے بلا رکاوٹ صحت خدمات کی فراہمی کیلئے ضروری مختلف سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا جس میں عملے، بنیادی ڈھانچے، ادویات، ساز و سامان وغیرہ شامل ہیں۔

اِس کے علاوہ انہوں نے آکسیجن بوتھ مراکز پر آکسیجن لانے، لے جانے اور اُس کی دستیابی کا جائزہ لیا۔x

## NDMA Pahalgam

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی اتھارٹی نے اِس سال کی شری امرناتھ یاترا کی تیاری کے سلسلے میں اننت ناگ ضلع میں پہلگام میں ایک جائزہ میٹنگ کی۔ اِس میٹنگ کی صدارت میجر جنرل ریٹائرڈ سُدھیر بَہل نے کی۔ انھوں نے شری امرناتھ یاترا کے تناظر میں مختلف متعلقہ ایجنسیوں اور محکموں کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کا آغاز لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حُسنین کے خطاب سے ہوا۔

**EAM UAE**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل ابوظبی میں اپنے ہم منصب شیخ عبداللہ بن زائد بن سلطان النہیان سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں اِس کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مسلسل بڑھ رہی جامع کلیدی شراکتداری پر نتیجہ خیز اور سود مند تبادلۂ خیال ہوا۔

**T-20 World Cup**

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج St Lucia میں Super-8 کے اپنے آخری میچ میں بھارت کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔

آج صبح Antigua میں بارش سے متاثرہ Super-8 کے ایک سنسنی خیز میچ میں جنوبی افریقہ ویسٹ انڈیز کو 3 وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے 8 وکٹ کے نقصان پر 135 رن بنائے تھے۔ جنوبی افریقہ نے بارش کی وجہ سے تبدیل کیا گیا 123 رن کا جیت کا نشانہ 5 گیندیں باقی رہتے ہوئے ہی حاصل کرلیا۔